33853 ـ کیا نومولود لاوارث بچہ جہنم میں جائے گا

سوال

کیا نومولود لاوارث بچہ بھی مندرجہ ذیل حدیث کے تحت آتا ہے ؟

حدیث میں ہے کہ : (حرام خوراک سے پیدا ہونے والے گوشت کےلیے آگ زیادہ بہتر ہے) ۔

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

مذکورہ حدیث حرام کھانے میں عام ہے اوریہ وعیدکی احادیث میں شامل ہوتی ہے ، اورکسی بھی حال میں لقیط یعنی نومولود لاوارث بچہ اس کے تحت نہیں آتا کیونکہ اس بچے کا توکوئي قصور نہیں ، اس لیے اسے اورنہ ہی کسی اورکو دوسرے کے گناہ کی پاداش میں پکڑا نہیں جائے گا ۔

اس لیے کہ اللہ تعالی کا فرمان ہے :

کوئي بھی بوجھ اٹھانے والا کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائےگا **الانعام** (164) ۔

واللہ اعلم .